لیونارڈو ڈاونسی (ذہین فن کار)

لیونارڈو ڈاونسی اٹلی کے شہر فلورنس میں 1452ء کو پیدا ہوا۔ 1519ء اس کا سن وفات ہے۔ جس کی بعد کی صدیوں میں اس کی شخصیت دنیا کے ذہین ترین فن کار کی حیثیت سے زنگ آلود نہیں ہوئی۔ اگر غیر معمولی افراد کی فہرست مرتب کرنی ہوتی تو لیونارڈو کا نا یقیناً اولین پچاس لوگوں میں شمار کیا جاتا' لیکن تاریخ پر اس کے اثرات کی نسبت اس کے جواہر خداداد کہیں زیادہ وقیع اور گہرے ہیں۔ پرانے روزناچوں میں لیوٹارڈو نے کئی جدید ایجادات کے خاکے بنائے ہیں۔ جیسے ہوائی جہاز اور آب دوز جہاز۔ یہ روزناچے اس کی جدت طرازی اور ذہانت کا آئینہ تو ہیں' مگر ان کا سائنس کی ترقی پر کچھ اثر نہیں ہوا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ لیونارڈو نے ان کے نمونے تیار نہیں کیے تھے۔ دوئم اگر اس کے تصورات بالکل واضح تھے' لیکن یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا تھا کہ یہ ایجادات عملی طور پر قابل استعمال بھی ہیں یا نہیں۔

آب دوز جہاز یا ہوائی جہاز کا تصور قائم کرنا علیحدہ بات ہے' لیکن ایک قابل عمل' تفصیلی اور جامع نقشہ اور پھر ایسے نمونے تیار کرنا یکسر دشوار اور مختلف بات ہے' جو کام بھی دے سکیں۔